A

SAMAGRA SHIKSHA KERALA
ANNUAL EVALUATION 2021-22

910

STD : IX

Time :1 ½ Hrs

First Language Part-1 (Urdu)

Score : 40

* 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ഈ സമയത്ത് ചോദ്യങ്ങൾ നന്നായി വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കേണ്ടതാണ്.

* ഓരോ വിഭാഗത്തിലും തന്നിട്ടുള്ള നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.

1ScoreX3=3

1 سے 5 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

1 മുതൽ 5 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക

1 (1)

گلشن میں رنگ تیرا ہر گل میں تیری بو ہے
ہر سمت تیرا جلوہ ہر شے میں تو ہی تو ہے

بچّو، اس کا شاعر کون ہے؟ (الطاف حسین حالی، ناز ان جمشید پوری، اسماعیل میرٹھی)

2 کہانی 'امتحان' آپ نے پڑھی ہے نا؟ یہ کس کی کہانی ہے؟ (1)

(پریم چند، سہیل عظیم آبادی، فرحت اللہ بیگ)

3 آسمان پر کالی کالی گھٹائیں چھانے لگیں تو جاوید میاں کا دل باغ باغ ہونے لگا۔ (1)

بچّو، 'باغ باغ ہونا' سے کیا مطلب ہے؟

(بہت دکھ ہونا، بہت خوش ہونا، بہت ناراض ہونا)

4 گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ (نظم، غزل، کہانی) (1)

5 صحیح جملہ چن کر لکھیے۔ (1)

a) یوسف بیساکھی اٹھاتا ہے۔ b) یوسف بیساکھی اٹھاتی ہے۔

c) یوسف بیساکھی اٹھاتے ہو۔

2ScoreX3=6

6 سے 10 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔

6 മുതൽ 10 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക

6 مناسب لفظ چن کر گروہ پورا کیجیے۔ (یوسف، ، شیام، مچھندر) (2)

....	کہانی	اسکاٹ لینڈ کا راجا
....	ڈراما	بیساکھی

2

7 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔

ب	الف
آنند نارائن ملاؔ	سر سے سر ملائیں
بہادر شاہ ظفر	مٹی کا دیا
الطاف حسین حالی	اپنا حصّہ مانگیں گے
فیض احمد فیض	وقت آیا ہے

2

8 اشعار غور سے پڑھیے۔ان میں سے کھیتی باڑی کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

a) کاٹو کھیتاں کاٹورے گھر گھر روٹی باٹورے
خون پسینہ بیپر ورے چاند ستارے کاٹورے

b) جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا
ایک بڑھیا نے سرِ راہ لا کے روشن کر دیا

2

9 نیچے چند جوڑے دیے ہیں۔ان میں سے صحیح دو جوڑے چن کر لکھیے۔

a) مچھلی-چہچہاتی ہے b) بارش-برستی ہے
c) ندی-بہتی ہے d) تتلی-تیرتی ہے

2

10 نیچے چند نام دیے ہیں۔ان میں سے شاعروں کے نام چن کر لکھیے۔

(اسماعیل میرٹھی، پریم چند، فرحت اللہ بیگ، فیض احمد فیض)

11 سے 17 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 3Score x5=15

11 മുതൽ 17 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക

3

11 دیوالی ہندوستان کا مشہور تہوار ہے۔ ہم دھوم دھام سے تہوار منائے جاتے ہیں۔

a) بچّو، اور دو تہواروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک تہوار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

3

12 ڈراما 'بیساکھی' آپ نے پڑھا ہے نا؟ ماسٹر صاحب اس کا اہم کردار ہے۔

a) اس ڈرامے کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک کردار پر نوٹ لکھیے۔

3 13

جس کی ہو کوئی حاجت تجھ سے ہی مانگتا ہے
محتاج بھی ترا ہے حاجت روا بھی تو ہے

یہ دعائیہ نظم کا شعر ہے۔ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

3 14 اسکاٹ لینڈ کا راجا نے حکم دیا کہ ملک کے سارے بڑے بڑے پیڑ کاٹ دیے جائیں۔

پیڑ کاٹنے کے خلاف گاؤں والوں نے ایک جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بچّو، پیڑ کاٹنے کے خلاف تین نعرے تیار کیجیے۔

جیسے : | پیڑ فطرت کی جان ہے۔ |

3 15 آج کل مختلف بیماریاں دن بہ دن بڑھ رہی ہیں۔ بیماریاں بڑھنے کی وجوہات کیا کیا ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

اشارے: [فاسٹ فوڈ، گندا پانی، مچھر، کھانے کی ملاوٹ، محنت کی کمی]

3 16 ہمارے آس پاس بہت غریب اور بے گھر لوگ ہیں۔ غریبوں کی مدد کرنا ہمارا فرض ہے۔

بچّو، غریبوں کی ہم کیسے مدد کریں گے؟ آپ کے خیالات لکھیے۔

3 17

زمین سبزے سے لہلہانے لگی کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی
جڑی بوٹیاں پیڑ آئے نکل عجب بیل پتّے عجب پھول پھل

بچّو، پہلی بارش سے زمین پر کئی تبدیلیاں آتی ہیں۔

شعر کی روشنی میں زمین پر ہونے والی تبدیلیوں کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

4 Score x 4 = 16

18 سے 23 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔

18 മുതൽ 23 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക

4 18 کیرالا میں چوالیس ندیاں ہیں۔ لیکن آج کل ندی نالوں کا پانی گندا ہو رہا ہے۔

a) بچّو، کیرالا کے چار ندیوں کے نام لکھیے۔

b) ندیوں کی حفاظت کے لیے ہم کیا کیا کر سکتے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

19 کاٹو کھیتاں کاٹو رے   گھر گھر روٹی باٹو رے 4

خون پسینہ بیر ورے   چاند ستارے کاٹو رے

a) بچو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) شاعر اس میں کسان اور کھیتی باڑی کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔

بچو، شعر کی روشنی میں کسانوں کی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

20 ۵/جون یوم ماحولیات ہے۔ آپ کے اسکول میں 'ماحولیات کے تحفظ' پر ایک سیمینار ہونے والا ہے۔ 4
صدرِ پنچایت سلیم صاحب سیمینار کا افتتاح کرتے ہیں۔ ہیڈ ماسٹر جوزف صدارت کی کرسی سجاتے ہیں۔
بچو، اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ (اشارے: عنوان، مقام، تاریخ، افتتاح، صدارت)

21 فرنانڈز ایک محنتی کسان ہے۔ وہ اپنے کھیت میں اناج اور ترکاریاں اگاتے ہیں۔ 4
بچو، اگر آپ کو فرنانڈز سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا سوال کریں گے؟ چار سوالات تیار کیجیے۔
اشارے: (کیا، کون، کیسے، کیوں، کیا کیا)

22 اردو ایک ہندوستانی زبان ہے۔ یہ دنیا بھر پھیلی ہوئی ہے۔ 4

a) بچو، ہندوستان کے چار زبانوں کے نام لکھیے۔

b) اردو کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ لکھیے۔

23 اشاروں کی مدد سے الطاف حسین حالی کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔

4

الطاف حسین حالی

شہرت	:	شاعر اور نثر نگار
پیدائش	:	۱۸۳۷ء میں پانی پت میں
والد کا نام	:	خواجہ ایزد بخش
مشہور تصانیف	:	مسدسِ حالی، حیاتِ جاوید، حیاتِ سعدی
انتقال	:	۱۹۱۴ء میں پانی پت میں